
# ڈائریکٹرز کے پروفائل




## جناب حسن طاہر۔

چیف ایگزیکٹیو آفیسر اور ایگزیکٹیو ڈائریکٹر

جناب حسن طاہر لاہور اسکول آف اکنامکس (LSE) سے بینکنگ / فنانس میں ایم بی اے کی ڈگری کے حامل ہیں اور HTL کے سی ای او ہیں۔ جناب حسن 2001 سے پروفیشنل حیثیت میں کام کر رہے ہیں اور اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ مطمئن صارف نہ صرف مزید کاروبار لے کر آتا ہے بلکہ کمپنی کی ساکھ میں اضافے کا سبب بھی ہوتا ہے۔ اپنی اعلیٰ ترین کاروباری صلاحیتوں اور صارف کے انتہائی اطمینان کے طالب ہونے کی بناء پر آپ کو بیک آفس پروسیسنگ (BOP) اور یو کے / یورپ میں بڑے کلائنٹس کیلئے آئی ٹی انفرا اسٹرکچر کے ساتھ آئی ٹی آپریشنز سیٹ اپ کرنے میں مدد ملی۔

ان کے پرعزم تجربے اور سخت محنت کی بناء پر کمپنی نے دنیا کی دو بڑی آئل کمپنیز کے اشتراک سے پاکستانی مارکیٹ میں mid-tier لبریکنٹ رینج متعارف کروایا۔ جناب حسن نے پاکستان میں ایک اور نیم سنتھیٹک رینج متعارف کروانے کا بیڑا اٹھایا اور اس میں بڑی کامیابی حاصل کی۔ ایمپلائز کو ان کی کامیابیوں کا صلہ دے کر اور ترغیب دلا کر انہوں نے HTL کو ایک مضبوط فیملی میں تبدیل کر دیا۔

جناب حسن طاہر ہائی ٹیک بلینڈنگ (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ہائی ٹیک انرجی (پرائیویٹ) لمیٹڈ، MAS انفوسافٹ (پرائیویٹ) لمیٹڈ اور Haut Buys (Pvt.) Ltd کے ڈائریکٹر ہیں۔ آپ MAS سروسز کے پارٹنر اور HTL EPF ٹرسٹ، HTBL EPF ٹرسٹ، MAS ایسوسی ایٹس EPF ٹرسٹ، MAS سروسز EPF ٹرسٹ اور صابرہ حمیدہ ٹرسٹ کے ٹرسٹی بھی ہیں۔



## جناب شوکت حسن۔

چیئرمین بورڈ آف ڈائریکٹرز اور نان ایگزیکٹیو ڈائریکٹر

جناب شوکت حسن نے پنجاب یونیورسٹی، لاہور سے اکنامکس میں ماسٹر کی ڈگری حاصل کی۔ آپ ایک ذی فہم شخصیت کے مالک ہیں اور مالیات اور کاروبار سے متعلق چار دہائی سے زیادہ کا تجربہ رکھتے ہیں۔ آپ بورڈ آف ڈائریکٹرز کے چیئرمین ہیں۔ جب شوکت غیر معمولی کاروباری صلاحیت کے ثابت شدہ ریکارڈ کے حامل ہیں اور 1976 میں کاروبار کے آغاز سے بنیادی پارٹنرز میں شامل ہیں۔

آپ نے مالیاتی حرکیات پر گہرے مشاہدے کی بنا پر HTL کے مالیاتی نظام کو مضبوط، مستحکم اور شفاف بنانے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ مالیات کے علاوہ ہیومن ریسورس، ایمپلائز ٹریننگ اینڈ ڈیولپمنٹ اور باصلاحیت افراد کو برقرار رکھنا آپ کی دلچسپی کے خاص شعبہ جات ہیں۔ جناب شوکت بین الاقوامی موجودگی کے حامل اداروں کے ساتھ مشترکہ کاروباری اشتراک میں فعال ہیں۔ ان کے متنوع شعبہ جات میں بین الاقوامی معروف E&P کمپنیز کو بزنس ڈیولپمنٹ اور صنعتی سامان کی فروخت شامل ہے۔

جناب شوکت سی ایس آر اور ایس ایچ ٹی کی سرگرمیوں بھی ایسی گہری دلچسپی کے ساتھ شامل ہوتے ہیں اور مالیاتی لحاظ سے معاشرے کے پسماندہ طبقے کی زندگیوں میں تعلیم کے ذریعہ بہتری لانے میں کوشاں ہیں۔ آپ مختلف منافع بخش اور غیر منافع بخش اداروں بشمول I.C.C.I، EDAS کے فعال ممبر ہیں اور اس وقت پاکستان میں پاکستان فرانس بزنس الائنس (PFBA) کے ڈائریکٹر کے طور پر خدمات انجام دے رہے ہیں۔ آپ الائنس فرانسے ڈی لاہور (AFL) کے پرجوش ممبر اور پریزیڈنٹ ہیں۔

جناب شوکت بے شمار کامیاب قائدانہ کردار ادا کرنے کیلئے معروف ہیں۔ آپ MAS ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے پرنسپل ڈائریکٹر، WASL انویسٹمنٹ فنانس لمیٹڈ کے ڈائریکٹر بھی ہیں۔ آپ MAS انفوسافٹ (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے سی ای او ہیں۔ آپ HTL EPT ٹرسٹ، MAS ایسوسی ایٹس EPF ٹرسٹ اور صابرہ حمیدہ ٹرسٹ کے چیئرمین / ٹرسٹی بھی ہیں۔



## جناب طاہر اعظم۔

نان ایگزیکٹیو ڈائریکٹر

جناب طاہر اعظم نے پنجاب یونی ورسٹی سے اکنامکس میں ماسٹرز ڈگری حاصل کی اور کمپنی میں نان ایگزیکٹیو ڈائریکٹر کے طور پر خدمات انجام دے رہے ہیں۔ آپ کو کامیاب کاروبار کے سیٹ اپ میں تحقیق، منیجمنٹ اور مشاورت کا چار دہائی سے زیادہ کا تجربہ ہے۔
جناب طاہر نے پاکستان میں مختلف یو ایس ایڈ کے فنڈ سے قائم انٹرپرینرشپ پروگراموں اور مارکیٹنگ کے پروگراموں کی قیادت کی۔
آپ کمپنی کے بانی ممبرز میں سے ہیں اور آپ نے HTL کے کاروبار کے پہلے دس برسوں میں سیلز اور مارکیٹنگ کی سربراہی کی۔ تقسیم کاری نیٹ ورکس اور سیلز ٹیموں کی تشکیل ان کی کامیابیوں کا ایک سنگ میل ہے جس پر آج HTL قائم ہے۔
جناب طاہر اعظم نے ایک انٹرپرینرز اور ایسوسی ایٹڈ کاروباری کمپنیز کے ڈائریکٹر کی حیثیت سے سیلز ڈپارٹمنٹ کیلئے اعلیٰ ترین معیار قائم کیا جس کی بناء پر غیر معمولی نتائج حاصل ہوئے۔ انہوں نے اپنی انٹرپرینرشپ کی صلاحیتوں سے ثابت کیا کہ کاروبار کے مواقع حاصل نہیں ہوتے بلکہ تخلیق کیئے جاتے ہیں۔
جناب طاہر اعظم MAS ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے سی ای او/ڈائریکٹر ہیں اور MAS انفوسافٹ (پرائیویٹ) لمیٹڈ اور Haut Buys (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے ڈائریکٹر بھی ہیں۔ اس کے علاوہ آپ HTL EPF ٹرسٹ، MAS ایسوسی ایٹس EPF ٹرسٹ اور صابرہ حمیدہ ٹرسٹ کے ٹرسٹی کے طور پر بھی کام کر رہے ہیں۔



## جناب محمد علی حسن۔

ایگزیکٹیو ڈائریکٹر

جناب محمد علی حسن سڈنی یونی ورسٹی، آسٹریلیا سے مارکیٹنگ اور ایچ آر کی بیچلرز ڈگری کے حامل ہیں۔ جناب علی حسن HTL میں سیلز، ایچ آر اور ایڈمنسٹریشن کے امور کی قیادت کر رہے ہیں۔ جناب محمد علی حسن کمپنی میں بہترین طرز عمل کی تشکیل میں اپنے علم اور تجربہ سے کام لے رہے ہیں۔ جناب علی نے کلائنٹس کے ساتھ غیر معمولی کاروبار پارٹنرشپس اور حکمت عملی پر مبنی تعلقات قائم کیئے ہیں جو ان کی کارپوریٹ ورلڈ کی قیادت کرنے کی صلاحیتوں کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ وہ حقیقی قائد ہیں جو بھرپور نتائج اور باصلاحیت ادارتی کلچر پر یقین رکھتا ہے۔
جناب محمد علی حسن ہائی ٹیک بلینڈنگ (پرائیویٹ) لمیٹڈ میں سی ای او اور ڈائریکٹر کے عہدے پر فائز ہیں۔
آپ ہائی ٹیک انرجی (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے ڈائریکٹر اور MAS سروسز کے پارٹنر بھی ہیں۔ جناب علی حسن HTL EPF ٹرسٹ، HTBL EPF ٹرسٹ، MAS سروسز EPF ٹرسٹ اور صابرہ حمیدہ ٹرسٹ کے ٹرسٹی کے طور پر بھی خدمات انجام دے رہے ہیں۔



## مس ماوراطاہر۔

نان ایگزیکٹیوڈائریکٹر

مس ماوراہ طاہر پرعزم اور متحرک پروفیشنل ہیں جو بورڈ پر 12 سال سے زیادہ مدت سے پروفیشنل خدمات انجام دے رہی ہیں۔انہوں نے کینیڈا سے ہیلتھ ایڈمنسٹریشن میں ڈگری حاصل کی ہے اور کینیڈا میں اپنے تعلیمی اور رپروفیشنل کیریئر کے دوران میں کئی تحقیقاتی پروجیکٹس کامیابی کے ساتھ مکمل کیئے ہیں۔ پروجیکٹ منیجمنٹ ، بجٹ ڈیولپمنٹ اینڈ مانیٹرنگ، مالیاتی آپریشنز اور ٹریننگز کی درستی اور لاگت پر کنٹرول کے ساتھ زیرِ عمل لانا ان کے بنیادی شعبہ جات ہیں۔

مس طاہر نے اپنے پورے پروفیشنل عرصے میں ہمیشہ ٹائم منیجمنٹ ، تخلیق اور ٹیم بلڈنگ کو افراد کی اور ٹیم کی کامیابی کا ستون ہونے پر یقین کیا ہے۔آپ پرعزم پروفیشنل ہیں اور ٹیم ڈیولپمنٹ اور سکھانے پر زور دیتی ہیں جو ایک قائد کے بنیادی اوصاف ہیں جو لوگوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں اور کامیاب رہتے ہیں۔ان کا فلسفہ ہے، "سخت محنت کا کوئی نعم البدل نہیں ہے" جس نے ان کو کینیڈا میں مختلف لیڈرسپ اور پروجیکٹ منیجمنٹ کے کردار میں کامیابی سے ہمکنار کیا ہے۔



## جناب فرازاختر زیدی۔

نان ایگزیکٹیوڈائریکٹر

جناب زیدی کو انویسٹمنٹ بینکنگ اور انویسٹمنٹ منیجمنٹ ، دونوں میں 20 سال سے زیادہ کا عالمی تجربہ حاصل ہے۔ جناب زیدی نے اپنے کیریئر کا آغاز کریڈیٹ سوئس (نیویارک) سے 2002 میں کیا جہاں انہوں نے ری اسٹرکچرنگ کا مشورہ دیا اور مالیاتی دشواریوں سے گزرنے والی کمپنیز کیلئے فنانسنگ کا اہتمام کیا۔ اس کے بعد آپ نے پولی گون انویسٹمنٹ پارٹنرز (نیویارک میں اور بعد میں لندن میں) شمولیت اختیار کی جہاں انہوں نے یونائیٹڈ اسٹیٹس اور یورپ میں فنڈ کے کریڈٹ بزنس میں 9 بلین ڈالر جمع کرنے میں مدد دی۔ پاکستان واپس آنے سے پہلے ان کا آخری کارنامہ اسٹینڈرڈ چارٹرڈ پرنسپل فنانس (دبئی) میں انجام پذیر ہوا جہاں انہوں نے مشرق وسطیٰ اور پاکستان میں متبادل انویسٹمنٹ پر توجہ مرکوز کی۔ان کے انویسٹمنٹ کے تجربہ میں ترقی یافتہ اور ابھرتی ہوئی، دونوں مارکیٹس میں پبلک اور پرائیویٹ مارکیٹ کے لین دین، خاص طور پر خصوصی صورتحال اور بدحال انویسٹمنٹس میں کام کرنا شامل ہے۔ جناب زیدی نے ڈربن اسکول آف بزنس، یونیورسٹی آف ورجینیا سے بزنس ایڈمنسٹریشن میں ماسٹرز اور رہوڈس کالج سے بی اے کیا۔

جناب زیدی WASL انویسٹمنٹ فنانس لمیٹڈ کے سی ای او اور ڈائریکٹر ہیں جو نان بینک فنانس کمپنی ہے اور اس کے ساتھ فوڈ چیک (پرائیویٹ) لمیٹڈ میں ڈائریکٹر کے عہدے پر فائز ہیں۔



## سید اسد حسین۔

خودمختار ڈائریکٹر

سید اسد حسین، یوکے پاکستان چیمبر آف کامرس میں نائب صدر کے عہدہ پر فائز ہیں۔1979 میں یوکے پی سی سی آئی کا قیام عمل میں لایا گیا اور یہ برطانیہ میں حکومت برطانیہ اور پاکستان کا واحد منظور شدہ چیمبر آف کامرس ہے۔ یہ ادارہ نہ صرف دونوں مما لک کے درمیان تجارت اور کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کی خاطر کوشاں ہے بلکہ بیرون ملک بسنے والے پاکستانی کاروباری طبقہ کی نمائندگی کے فرائض بھی بخوبی سرانجام دے رہا ہے۔ مزید برآں یہ ادارہ پاکستان سے برطانیہ کا دورہ کرنے والے تمام چیمبرز آف کامرس کے نمائندگان کی مہمان نوازی اور رہنمائی کے فرائض بھی سرانجام دیتا ہے۔

برطانیہ کے اعلیٰ تعلیم یافتہ گھرانے میں پیدا ہونے والے اسد، اپنے پاؤں پر خود کھڑا ہونے والی ایسی کاروباری شخصیت ہیں جو انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبہ 25 سال کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں۔ ریٹیل اور ای کامرس کے ذریعہ مارکیٹ کی ترقی کے لیے نئی راہیں ہموار کرنے اور آئی ٹی مینجڈ سروسز کے حوالے سے آپ کو خصوصی مہارت حاصل ہے۔

آپ ریٹیل ڈائریکٹ گروپ کے کو فاؤنڈر اور سیلز/ مارکیٹنگ ڈائریکٹر ہیں جس میں لیپ ٹاپ آؤٹ لیٹ، شاپ ریٹیل ڈائریکٹ، آنلی ڈیلز، میکس کوم سولوشنز اور فریڈ وایل ڈین این جیسے معروف ادارے شامل ہیں۔ اس گروپ کے دفاتر برطانیہ، بلغاریہ اور پاکستان میں موجود ہیں اور 100 سے زائد ملازمین اس کے لیے کام کررہے ہیں۔



## ڈاکٹر صفدر علی بٹ ۔

خودمختار ڈائریکٹر

ڈاکٹر صفدر علی بٹ ایک مالیاتی ماہر، تجربہ کار کارپوریٹ آفیشیل، معلم اور انٹرپریئنر ہیں۔ آپ نے کراچی یونی ورسٹی سے ماسٹر کی ڈگری حاصل کی اور کینیڈا سے فنانشل منیجمنٹ میں ڈاکٹریٹ کیا۔ آپ اکاؤنٹنگ، فنانس اور منیجمنٹ کے کئی پروفیشنل اداروں کے ممبر ہیں۔ آپ نے پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس میں ڈائریکٹرز ایجوکیشن پروگرام بھی مکمل کیا ہے۔

ڈاکٹر بٹ نے ملٹی نیشنل کمپنیز او ورسیز جیسے جانسن اینڈ جانسن اور کالٹیکس آئل کارپوریشن کے ساتھ سینئر فانشیل عہدوں پر کام کیا ہے۔ آپ آرمی ویلفیئر ٹرسٹ کے ڈائریکٹر فنانس / سی ایف او بھی رہے ہیں اور عسکری بینک، عسکری لیزنگ، عسکری جنرل انشورنس، عسکری سیمنٹ اور AWT کے دائرۂ کار میں کام کرنے والے کئی دیگر اداروں کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی خدمات بھی انجام دے چکے ہیں۔ آپ نے بینک آف آزاد جموں اینڈ کشمیر میں بطور اے جے کے حکومت کے نامزد ڈائریکٹر کے طور پر خدمات انجام دی ہیں۔ اس وقت آپ پاک ایگرو پیکیجنگ پرائیویٹ لمیٹڈ کے چیئرمین ہیں جو ایگریکلچرل سپورٹ پروڈکٹس تیار کرتی ہے۔ ڈاکٹر بٹ اجالا ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے ساتھ بھی کام کررہے ہیں۔

ڈاکٹر بٹ نے پاکستان اور بیرونی مما لک میں اعلیٰ تعلیمی اداروں کے ساتھ بھی 24 سال گزارے ہیں۔ آپ جنوری 2018 میں کیپٹل یونی ورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی، اسلام آباد سے فنانس اینڈ کارپوریٹ گورننس کے اعزازی پروفیسر کی حیثیت سے ریٹائر ہوئے۔ آپ نے کاروبار سے متعلق مختلف موضوعات پر 38 کتابیں لکھی ہیں جن میں سے 8 یوکے سے، 19 کینیا سے اور 9 پاکستان سے شائع ہوئیں۔ آپ کی تازہ ترین کتاب اے ہینڈ بک فار کمپنیز ان پاکستان ہے۔ اس کے علاوہ آپ کے فنانس، کارپوریٹ گورننس اور منیجمنٹ سے متعلق مسائل پر سیکڑوں آرٹیکلز اور ریسرچ پیپر شائع ہو چکے ہیں۔



## جناب محمد تبسم منیر ۔

خودمختار ڈائریکٹر

جناب ایم۔ تبسم منیر نے ممبر لاہور اسٹاک ایکسچینج کی حیثیت سے 15 جنوری 2014 تک تین دہائیوں سے زیادہ عرصے تک کام کیا ہے۔ وہ اس کے نائب صدر بھی رہے۔ آپ پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج کے ممبر بھی تھے۔ آپ نے 1987 تا 1989 النور ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ کے ڈائریکٹر کے طور پر خدمات انجام دیں۔ اس وقت آپ میسرز سنتھیٹک پروڈکٹس انٹرپرائز لمیٹڈ (SPEL) کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے ممبر ہیں۔ آپ کی مجموعی طور پر کیپٹل مارکیٹ اور اس کے انفرااسٹرکچر کی ڈیولپمنٹ کے امور میں کام کرنے، انتظامی امور کی انجام دہی اور شرکت کی صلاحیتوں کا وسیع پیمانے پر اعتراف کیا گیا ہے۔ آپ نے لاتعداد سیمینارز، گول میز کانفرنسز، ورکشاپس وغیرہ میں شرکت کی اور کارآمد متعلقہ معلومات اور تجربہ حاصل کیا۔ اس کے ذریعہ آپ کو فنانس کی منیجمنٹ میں مخلصانہ کردار اور صلاحیت کو تقویت دی۔